بیگم شازیہ اورنگزیب خان: جناب بالکل، خو په دیکښے به دوئ د بل نه مخکښے دا خبرے کول غوښتے شی چه ایم ډی نه دا تپوس اوکړے شی چه د جونیئر خلقو دا پوسټنګ او ټرانسفرز څنګه شوی دی؟ اته، اته کالو نه سینئر خلق ناست دی، هلته ایم ډی ناست دے جی، هغه د اته کالو نه هلته کښے ناست دے، دا په کومے پالیسی، په کوم Basis باندے شوی دی؟
وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر، میرا مائیک خراب ہے، میں اس سوال کا جواب دینا چاہتا ہوں۔
جناب سپیکر: قاضی صاحب کریں۔ قاضی اسد صاحب، یہ پورا جواب آپ گورنمنٹ کی طرف سے دیں گے؟
وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: میں دے سکتا ہوں، اللہ کے فضل سے دے سکتا ہوں۔
جناب سپیکر: بسم اللہ جی، بسم اللہ جی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ کنٹریکٹ ایمپلائز کا Especially ہمارے جو لیکچررز ہیں، اس مسئلے کو پوائنٹ سکورینگ کیلئے استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ حکومت کے پاس محکمہ ہے سر، اور یہ سچ ہے کہ ہمارے کالجز میں لیکچررز کی کمی ہے، اب قانون کے مطابق گریڈ 17 کا جب میں لیکچررز حاصل کرتا ہوں اسٹبلشمنٹ کے محکمے سے تو وہ پبلک سروس کمیشن کے تھرو آتا ہے۔ اس کمی کو پورا کرنے کیلئے بڑے عرصے سے یہ بات چل رہی تھی کہ ہم Adhoc basis پر لوگوں کو چھ ماہ کیلئے بھرتی کرتے تھے، اس حکومت نے سب سے بڑا کام یہ کیا ہے کہ چھ ماہ کو بڑھا کر ایک سال کر دیا۔ میں ان کے پاس کل گیا، میں نے کہا کہ آپ لوگ روڈ پر بیٹھے ہیں، بارش ہونے والی ہے، آپ میرے بھائی ہیں، ہمارے اس ہاؤس میں کوئی بھی ایسا بندہ نہیں ہے جو آپ کے ساتھ ہمدردی نہ رکھتا ہو۔ پھر یہ بات کابینہ میں بھی اٹھی تھی۔ سر، وہ کہتے ہیں کہ اسمبلی ایک ایسا قانون پاس کرے کہ جس کے ذریعے ان لوگوں کو ہم Regularize کر دیں اور یہ دو مختلف۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: قاضی صاحب، ان کی تعداد کتنی ہے، کتنے لوگ تھے وہ؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: یہ سر، ڈیڑھ ہزار کے قریب تھے۔ یہ سر، باقی صوبوں کی مثال دیتے ہیں۔ ہم نے سر، کابینہ میں آپس کی بات بتاتا ہوں، میں نے Concerned ایک سینیئر آفیسر سے اس پر بات کی، انہوں نے کہا کہ جب یہ دوبارہ ہوا تھا، اس کے بعد سپریم کورٹ نے ایک رولنگ دی تھی کہ جس کے تحت آپ نے آئندہ کنٹریکٹ پر Hire کئے ہوئے کسی بندے کو Regularize نہیں کرنا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ آج ایک اشتہار لگتا ہے کنٹریکٹ نوکری کا، میں بھی نوکری چاہتا ہوں، آپ بھی نوکری چاہتے ہیں لیکن میں Permanent چاہتا ہوں، میں نے Apply نہیں کیا کیونکہ میرا خیال تھا یہ کنٹریکٹ کی ہے، میں نے اس نوکری کو چھوڑ دیا ہے، پانچ سال بعد۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، یہ کس آفیسر کی بات کر رہے ہیں؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: میری بات ختم کرنے دیں، مفتی صاحب۔ میں یہ کہہ رہا تھا، قسم خدا کی اس ملک کا کچھ نہیں ہو سکتا، عدالت میں کیس جاتا ہے تو وہ باقی مسئلوں پر لگے رہتے ہیں، یہاں پر بھی پوائنٹ سکورینگ ہے۔ یہ میں گزارش کرتا ہوں کہ اس کو سنجیدگی سے لیں تاکہ اس مسئلے کو حل کر لیں۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، اس کو ریگولر کرنا کسی کے ساتھ زیادتی نہیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: تو سر، وہ قانونی طور پر بے انصافی ہو جائیگی ان لوگوں کے ساتھ لیکن اب اس مسئلے کو حل کیوں کرنا چاہتے ہیں؟ یہ بار بار Overage کی بات کرتے ہیں، میں بتاتا ہوں سر، میں نہیں چاہتا کہ یہ لوگ چلے جائیں اور میں یہ بھی نہیں چاہتا کیونکہ اس میں بار بار Extensions دیتا رہا ہوں، یہ پبلک سروس کمیشن کے پاس نہیں گئے یا وہاں سے کوالیفائی نہیں کر سکیں کہ اب یہ چلیں۔ ان کا تجربہ میرے کام کا ہے لیکن مجھے وہ فورم چاہیئے کہ جس کے ذریعے میں ان کو ریگولرائز کر سکوں۔ میں ان کو ریگولرائز تب کر سکتا ہوں سر، کہ مجھے وہ قانونی راستہ دیا جائے اور مجھے وہ طریقہ بتایا جائے جس کے ذریعے میں پبلک سروس کمیشن کو بائی پاس کر سکوں۔

جناب سپیکر: جی عبدالاکبر خان، قانونی مشورہ دے دیں۔

سید محمد صابر شاہ: میں بھی ان کو قانونی مشورہ دیتا ہوں۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر، میں اس سلسلے میں بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب عبدالاکبر خان: میں بات کرتا ہوں۔ جناب سپیکر، آپ نے مجھے فلور دیا ہے۔ بشیر خان، میں بولوں تو پھر آپ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ ختم کرتے ہیں۔ اس پر ختم کرتے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، بات یہ ہے کہ پہلی دفعہ نہیں ہے کہ اس اسمبلی میں یا اس سے گزشتہ اسمبلیوں میں، جناب سپیکر، 96-1995 میں بھی حکومت نے کچھ ڈاکٹرز، لیکچررز بھرتی کئے تھے Ad hoc basis پر اور ان کو پھر ایک ایکٹ آف دی اسمبلی کے ذریعے Regularize کرایا گیا۔ 1988 میں میں خود Mover تھا، 1989 میں اور اس وقت جو بھرتی کئے گئے تھے ہزاروں ڈاکٹرز اور ہزاروں لیکچررز، ان کو Regularize کیا گیا تھا۔ اب جناب سپیکر، Recently، 2005 میں بھی ایک Amendment آئی تھی کیونکہ وہ پنشن وغیرہ سب کچھ ختم کر دیا لیکن انہوں نے Date 2002 اور چونکہ Immediate effect سے تھا تو اس کے بعد جو Appointments ہوئی ہیں، وہ Consider نہیں ہوئیں۔ اب جناب سپیکر، حکومت بلڈنگوں پر کروڑوں، اربوں روپے لگا رہی ہے، کالجز، ہسپتالز، سکولز بن رہے ہیں، پوسٹس ہیں تو فنانس ڈیپارٹمنٹ ان کیلئے پوسٹیں Sanction کرتا ہے لیکن جناب سپیکر، وہ کروڑوں روپے لگانے کے بعد اور فنانس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے بجٹ میں ان کیلئے پیسہ رکھے جانے کے بعد بھی پبلک سروس کمیشن۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی): جناب سپیکر صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: بشیر خان، آپ اس پر Stress نہ کریں۔ پبلک سروس کمیشن اگر ان پندرہ سو لیکچررز صرف، میں ڈاکٹروں کی بات نہیں کر رہا ہوں، میں انجینیئرز کی بات نہیں کر رہا ہوں، میں سبجیکٹ سپشلیسٹ کی بات نہیں کر رہا ہوں، میں صرف ان پندرہ سو لوگوں کی بات کر رہا ہوں کہ ان پندرہ سو لوگوں کو پبلک سروس کمیشن دو سال میں بھی ریکروٹ نہیں سکتا جناب سپیکر، اسلئے ہم یہ کہتے ہیں ۔جناب سپیکر، میں نے اس سلسلے میں بل بھی جمع کیا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان، اگر آپ کو یاد ہو، ایک کمیٹی میں اس پر ڈسکشن آجائے اور بات ختم کرے۔

جناب عبدالاکبر خان: یہی بات ہے سر، میں آرہا ہوں۔ ہاں سر، بات صرف یہ ہے کہ آپ اس کمیٹی کو ہدایت کریں، آپ نے تو رولنگ دی تھی کہ ڈپٹی سپیکر اس کو Preside کریں لیکن اگر آپ اس کمیٹی کو ہدایت کریں کہ دس دن یا پندرہ دن میں وہ اپنی رپورٹ اس اسمبلی کو پیش کرے تو میرے خیال میں کام تیز ہو جائے گا۔

سینیئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی): جناب سپیکر صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: بشیر خان گورنمنٹ سائڈ پر بیٹھ کے ہم اس پر بات کریں گے، پبلک سروس کمیشن والوں کو بھی بلالیں گے کہ کیا ان میں Capacity ہے کہ نہیں ہے اور کیا وہ کر سکتے ہیں کہ نہیں کر سکتے؟

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: بس اس پر بات ختم ہو جاتی ہے، Fifteen days میں اس پر کمیٹی کی میٹنگ بلائی جائے۔ بس دے جی پیر صاحب، ختم کریں نا۔

سید محمد صابر شاہ: پندرہ دن کے اندر اندر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ کمیٹی میں آجائیں، تجویز بھی دے رہے ہیں، دو گھنٹے بیٹھیں، مسئلے کا حل نکالیں۔ ادھر نہیں، کمیٹی میں آجائیں۔

سید محمد صابر شاہ: آج ہی اس ایجنڈے کے بعد۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ کیسے ختم ہو گا؟ جمعے کا دن ہے، جمعہ، اس کو آپ جواب دے دیں۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: تواسکو بھی جواب دے دیں پیر صاحب، ایک ایک اٹھ رہا ہے۔

(شور)

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: بس میں نے رولنگ دے دی، اس کے بعد یہ Chapter close ہو گیا، ختم ہو گیا۔ جی، نگہت بی بی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نگہت بی بی، پر اتنا زیادہ زور نہ دیں۔ سر، نگہت پر آپ نے بڑا زور دیا بہر حال تھینک یو جناب سپیکر صاحب، میں اپکی توجہ ایک انتہائی اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے کے طرف دلانا چاہتی ہوں اور وہ یہ کہ۔۔۔۔۔

جناب عطیف الرحمان: پوائنٹ آف آرڈر، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: پہ پوائنٹ آف آرډر باندی بہ لیگل خبرہ کوئ، دغہ نہ، مطالبہ یا بلہ خبرہ بہ نہ کوئ۔

جناب عطیف الرحمان: جناب سپیکر، دا ھسے زما مختصر خبرہ دہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: دا غلط لگیا دے، فلور مے ھغے تہ ورکړے دے۔ د ھغے نہ پس بیا پاڅئی جی۔

(شور)

محترمہ نگہت یاسمیں اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، میں آپکی توجہ ایک انتہائی اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے کے طرف دلانا چاہتی ہوں اور وہ یہ کہ حطار انڈسٹریل اسٹیٹ میں سوشل ورکرز ویلفیئر بورڈ کے افسران نے زمین خریدی جس میں کروڑں روپے کے گھپلے ہوئے اور صوبائی انسپکشن ٹیم نے اس کی انکوائری بھی کی ہے اور سرکاری خزانے کو اس سے اتنا نقصان ہوا ہے اور اس صوبے کے لوگوں کو، میں سمجھتی ہوں کہ صوبائی انسپکشن ٹیم کی جو انکوائری ہے، اسکو بھی یہاں پر لایا جائے کہ انہوں نے کیا انکوائری کی ہے؟ کیونکہ یہ جو لاکھوں روپے کی زمین ہے، اس میں کروڑں روپے کے گھپلے ہوئے ہیں اور کروڑوں میں خریدی گئی ہے اور باقاعدہ اس میں ویلفیئر بورڈ کے جو لوگ ہیں، وہ Involve ہیں۔ جناب سپیکر، یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے کیونکہ یہ کروڑوں روپے جو ہیں، یہ غریب عوام کے حق پر ڈاکہ ڈالنے والی بات ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: منسٹر انڈسٹریز، پلیز جواب دے دیں۔

<u>حاجی شیر اعظم خان وزیر (وزیر صنعت و حرفت)</u>: جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا، میں ان کو وزیر محنت سمجھ رہا تھا۔ جناب شیر اعظم خان وزیر صاحب۔

<u>وزیر صنعت و حرفت</u>: جناب سپیکر، آپ کی بڑی مہربانی، بہت شکریہ۔ سپیکر صاحب، ہماری محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ، معزز رکن صوبائی اسمبلی نے واقعی خدشہ ظاہر کیا ہے لیکن واقعات اس کے برعکس ہیں، When we are going to acquire land, it is always acquired under such procedure, under the relevant sections of the law i.e. the Land Acquisition Act, 1894. جہاں تک Instant case کا تعلق ہے تو اس کی 2006 میں گورننگ باڈی اسلام آباد نے منظوری دی ہے کہ ہم کو آٹھ سو کنال زمین کی ضرورت ہے لیکن بعد میں 2006 کے بعد وہ لوگ پھر گئے، زمین کی قیمت بڑھ گئی، ہم نے چار سو آڑتیس کنال، چودہ مرلے زمین Acquire کی ہے، We could succeed. البتہ بورڈ، ورکرز ویلفئر بورڈ کے بارے میں ایک چیز کی میں وضاحت کروں کہ To make you and the august House more understand, ہمارا Federally funded Workers Welfare Board ہے، ہم کو فیڈرل سے یہ فنڈ آتا ہے جو ورکرز ویلفئر بورڈ کا ہے۔ اس میں ورکرز شئیر ہے، اس میں Employees and Employers کے اپنے Donations ہیں جو ان کی تنخواہوں سے کٹتے ہیں، یہ فنڈ اس سے متعلق ہے لیکن ہم Handle کرتے ہیں ادھر صوبائی لیول پر Through Worker Welfare Board اور Subject to the approval of Governing Body at Islamabad, Federal level پر۔ اس بورڈ میں ہر ایک کا نمائندہ ہوتا ہے، ورکرز کے بھی اور ایمپلائر کے بھی۔ عرض یہ ہے And that is to be chaired by the Secretary to Government in the Labour Department. Coincidently مجھے اچھی طرح یاد ہے کیونکہ 1894 اس میں میں خود موجود تھا، لینڈ ایکوزیشن ایکٹ I have been myself Collector of the District اور ہم نے بہت سے ایوارڈ بھی کیے ہیں۔ ادھر طریقہ کار یہ ہے کہ ایک پرائس ریویو کمیٹی جس کی پراونشل گورنمنٹ نے، گورنر نے منظوری دی ہے، پراونشل گورنمنٹ نے جس کی منظوری دی ہے، سب سے پہلے ریٹ Prescribe کرتی ہے، اس کے بعد وہ ریٹ بورڈ میں جاتا ہے، بورڈ منظوری دیتا ہے۔ بورڈ کی منظوری دینے کے بعد گورننگ باڈی Approval دے کر اس کے بعد ہم ڈیپازٹ کرتے ہیں کلکٹر کے پاس۔ کلکٹر آف دی ڈسٹرکٹ ڈیمانڈ

دیتا ہے ہم کو کہ اتنا پیسہ جمع کرو، وہ پیسہ ہم جمع کرکے پھر That is Collector's headache to disburse amongst the land owners, لیکن اس میں More than one hundred land owners آئے، بعض نے ایگریمنٹ کر لیا کہ ٹھیک ہے ہم زمین دینا چاہتے ہیں، بعض نے انکار کیا کہ ہم نہیں دینا چاہتے۔ میرا مطلب ہے To make it more transparent یہ Through ہوا ہے، اس میں انکوئری بھی ہوئی ہے پراونشل انسپکشن ٹیم کے ذریعے لیکن Board decision نہیں ہے، اس میں صرف بورڈ ہے، Authorize فیڈرل فنڈ کے سلسلے میں پراونشل انسپکشن ٹیم بھی ورکرز ویلفیئر بورڈ اور اس کے بعد گورننگ باڈی کہ دونوں باڈیز کی منظوری کے بعد یہ ریٹ جو پرائس ریویو کمیٹی نے فکس کیا تھا، اس کے بعد اس کی پے منٹ ڈسٹرکٹ کلکٹر کو جو بعد ازاں Further land owners کو کی گئی۔ اگر محترمہ کو کوئی اعتراض ہے تو آ کر ریکارڈ دیکھ سکتی ہیں، It is more transparent, it is available, I can sit with her and vice versa.

<u>Mr. Alam zeb:</u> Point of order, Sir.

<u>جناب سپیکر:</u> ٹھیک ہے، محترمہ آپ جائیں، پھر ریکارڈ چیک کر لیں۔ جی عطیف خان، تاسو څه وئیل جی۔ عطیف خان، پلیز۔

<u>جناب عطیف الرحمٰن:</u> ډیره مهربانی، جناب سپیکر صاحب۔ تیره ورځ په اخبار کښې څه پوسټونه ایډورټائز شوی وو په هائر سیکنډری کالجونو کښې نو حیات آباد هائر سیکنډری او ګرلز هائر سیکنډری کالج کښې، ګرلز ډګری کالج حیات آباد کښې هم دغسې پوسټونه ایډورټائز شوی وو او په هغې کښې زمونږ د علاقې خلقو درخواستونه ورکړی وو او چه کومه ورځ د انټرویو د پاره مقرر وه نو هغه پرنسپل په هغه ورځ باندې ور تالا ساتلې وو او کوم خلق چه انټرویو له ورغلی وو، هغه خلق ئې انټرویو ته نه دی پرېښودلی او د بهر نه پکښې کسان راغلی وو، د هغوی Appointment ئې کړې دې نو مونږ دا خبره کوو چه په دیکښې رولز نه دی Adopt شوی او زما د علاقې خلقو سره زیاتې شوې دې نو د کومو خلقو Appointment چه شوې دې، مهربانی د اوکړی، هغه آډر د ریورس کړی او دوباره د پکښې ډیټ مقرر کړی چه زمونږ د علاقې خلق پکښې هم۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> عطیف خان، زما خیال دې، دې باندې پراپر موشن راکړئ نو فوری ایکشن به پرې واغستې شي۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی منسٹر صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، میری بات پھر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سب مختصر، مختصر کریں۔ میں آتا ہوں۔

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): سر، میرے خیال میں ہم نے تو بھرپور کوشش کی ہے پورے صوبے میں کہ اپنے جتنے بھی کالجز ہیں، ان میں ہم میرٹ پر بھرتیاں کریں، میرے بھائی نے اس پر کچھ تحفظات کا اظہار کیا ہے، میں انشاء اللہ انکوئری کرتا ہوں، اگر اس میں یہ سچ ثابت ہو گیا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دروازے بند کیے تھے کہ نہیں؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: انٹرویو کینسل کر دوں گا سر، Re-advertise کر دوں گا اگر اس میں گڑبڑ ہوئی ہو تو۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، میرے کال اٹینشن جی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی آرہا ہے جی، تو Muhammad Ali Khan, MPA, to please move his Call Attention Notice No. 109.

جناب محمد علی خان: پروس کال مے دا کال اٹینشن جمع کڑے وو او یو کال پس دا راغے۔

جناب سپیکر: شکر اوباسه، دا په زور اوس ما راوستو، دوئ خو درته نه پریږدی۔ جی محمد علی خان۔

جناب محمد علی خان: سپیکر صاحب، په چارسده ضلع کښے ورکس اینډ سروسز کښے یو ډپټی ډائریکٹر ناست دے، زمونږ شبقدر هسپتال کښے د سوله کروړ روپو کار وو، اکرم خان درانی چه کله وزیر اعلیٰ وو، خدائے د ورسره ښه اوکړی، هغه منظور کړے وو، هغه ټینډر اخبار کښے ئے اشتهار ورکړو۔ کله چه د اشتهار هغه ورځ راغله، دۀ اووئیل چه Administrative Approval نه دے راغلے، دا به بیا کیږی۔ بیا راپاخیدو، داسے ټھیکیدارانو سره ئے خبره اوکړه په ساړھے آٹھ پرسنټ ئے هغه کار، شپاړس کروړو روپو کار ئے درے کسانو له ورکړو او دوه، دوه کلومیټره روډ چه مونږ ته ئے راکړے وو، هغه یو اخوا دیخوا اخبار

کښے ، ډیلی اخبار کښے ئے ورکړو او د هغے ورځے ، د اشتهار د ورځے هغه ټول اخبارونه ئے واغستل، چا ته ئے ورنکړل، ټول ئے واغستل چه هغه څومره وو۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب محمد علی خان: خبره واورئ جی، هغه ټول اخبارونه ئے واغستل او هغه کار ئے په ساړھے آٹھ پرسنټ ورکړو، ایک کروړ ساٹھ لاکھ روپئ ئے جمع کړے او د یو بل ټھیکیدار په اکاؤنټس کښے جمع کړے۔ سپیکر صاحب، دا خبره ما تاسو ته هم کړے ده، دا خبره ما وزیر اعلیٰ صاحب ته هم رسولے ده، دا خبره ما بشیر بلور ته هم رسولے ده۔ وزیر اعلیٰ صاحب معصوم شاه ته اووئیل چه دیکښے تهٔ ډپټی ډائریکټر ته اووایه چه دا کار به ولے ورله ورکوے؟ ما ورته اووئیل چه چیف منسټر صاحب، اول خو زهٔ ټھیکیداری نه کوم، هغه سړے د لرے کړی، اوپن ټینډر د اوکړی او په میرټ د اوکړی ټینډر او بل تا داسے سړی ته کار حواله کړو چه هغه خپله هم ایکسین سره ملاؤ دے او هغه دیکښے شریک دے هغه سره، هغه به هغه ته څنګه اووائی؟ زما خبرے اوسه پورے ځائے نه دے نیولے، تاسو ته مے هم اورسوله، چیف صاحب ته هم رسولے ده، بشیر بلور خان ته هم رسولے ده، نن مے دا ایوان هم خبر کړو چه دا ټینډرے کینسل شی او اوپن ټینډر د اوشی او که داسے په دے طریقه باندے چه دا کوم کار ئے کړے دے، دا مونږ نه منو۔ که هیڅ هم نه کیدل نو کار ته ئے نه پریږدو۔ صفا خبر کوم، په دیکښے اخوا دیخوا نشته، نه ئے پریږدو۔

جناب سپیکر: جی د دے جواب به وزیر صاحب، ٹریژری بنچز کی طرف سے، جی لاء منسٹر صاحب۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر برائے قانون و پارلیمانی امور): مائیک کھولاؤ کړئ جی۔ محمد علی خان خو ډیر Sweeping statements ورکړل او ډیر لوئے الزامات ئے اولګول۔ د هسپتال د ټھیکے تر څو پورے چه خبره ده جی، په دے باندے باقاعده ټینډر شوے دے، په صحیح طریقے سره په ټولو اخبارونو کښے راغلے دے۔ باقی په هغه وخت باندے دا دغه نه کیږی، د دے Administrative Approval

چه کوم دے ، دا چیف انجینئر کوی، د دے مجاز اتهارټی ډپټی ډائریکټر نه دے نو هغه اوس هم دغه چیف انجینئر ته پروت دے ، د هغے لا Administrative approval نه دے ورکړے شوے۔ نو دا دومره خبرے چه یره دومره کروړه روپئ غبن شوے دے ، هغه چل اوشو، دا ټول Unsubstantiated allegations دی۔۔۔۔۔

جناب محمد علی خان: جناب سپیکر صاحب۔

وزیر برائے قانون و پارلیمانی امور: جی او په دے هاؤس کښے یره جی We will not cross talk، خبره دا ده جی چه په دے هاؤس کښے چه څوک خبره کوی چه ثبوت ورسره وی، څه Documents ورسره وی، په هغے د هغه خبره کوی او دغه شان په یو افسر باندے ، ذمه وار سړی باندے داسے الزامونه لګول، دا بالکل غلطه ده۔

جناب سپیکر: تاسو په خیال کار نه دے الاټ شوے لا ؟

وزیر برائے قانون و پارلیمانی امور: نه جی، دا د دے Administrative approval چیف انجنیئر ورکوی، دے هډو مجاز اتهارټی نه دے ، ډپټی ډائریکټر چه دوئ خبره کوی نو دا جی دا قسم الزامات۔۔۔۔

جناب محمد علی خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: اودریږئ جی، یو منټ، یو منټ۔

وزیر برائے قانون و پارلیمانی امور: ذمه وار سړے دے او په ذمه وار فورم باندے جی بغیر د ثبوت نه یو سرکاری افسر باندے دا ګوته اوچتول بالکل نامناسبه دی او مونږ دا Condemn کوؤ جی او په دیکښے هیڅ قسمه پروسیجر نه۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نو تاسو وایئ چه کار لا نه دے الاټ شوے ؟ ټهیک شوه جی۔

وزیر برائے قانون و پارلیمانی امور: او جی۔

جناب سپیکر: تاسو څه وایئ ولے ؟

جناب محمد علی خان: جناب سپیکر صاحب، دا کار دوئ الاټ کړے دے او بیا وائی چه نه دے الاټ کړے۔

جناب سپیکر: تۀ څه وایے چه کار شروع شوے دے ؟

جناب محمد علی خان: نه یم خبر خو ټهیکیدارانو له ئے ورکړے دے۔ دا ټهیکیداران هم ما ته معلوم دی، نومونه به زۀ سبا راوړم دلته تاسو ته، فلانکی له، فلانکی له، هغے کبنے یو کس پکښے د شب قدر هم دے۔ زۀ به هغه ټهیکیدار هم راولم چه ثابته مے کړه نو بیا به څه وی ؟

Mr. Speaker: This Call Attention Notice is kept pending till inquiry.

Dr. Iqbal Din: Point of order, Sir.

جناب سپیکر: یو منټ جی، دا ایجنډا ختمه کړم بیا پا څئی۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ، جناب سپیکر صاحب-----

Mr. Speaker: Call Attention Notice No. 112, please move.

مفتی کفایت اللہ: میری یہ خواہش جائز ہے کہ دو سینیئر منسٹرز مجھے سنیں جی۔ جناب سپیکر، میری یہ خواہش جائز ہے کہ منسٹرز، سینیئر منسٹرز مجھے سنیں-----

جناب سپیکر: دونوں آپ کی طرف متوجہ ہیں جی۔

مفتی کفایت اللہ: یہ میرے کہنے کے بعد ہوئے ہیں جی-----

جناب سپیکر: نہیں، وہ آپ کی طرف متوجہ ہیں۔

مفتی کفایت اللہ: میں جی ان کے فائدے کی بات کرتا ہوں جی۔ میں آپ کی توجہ اس امر کی طرف دلاتا ہوں کہ ملک میں بجلی کا بحران ہے اور اس بحران سے نمٹنے کیلئے میں ایک تجویز دیتا ہوں کہ تمام سرکاری عمارتوں کے اندر انرجی سیور استعمال کیے جائیں اور اس کا تجربہ ایم پی اے ہاسٹل سے کیا جائے۔ اگر انرجی سیور کے اس تجربہ میں کامیاب ہوگئے، پھر تو پوری سرکاری عمارتیں جتنی بھی ہیں، ان میں انرجی سیور استعمال کیا جائے تاکہ ہم بجلی بچا سکیں اور اس بحران پر ہم قابو پا سکیں۔

جناب سپیکر: جی لاء منسٹر صاحب، تجویز تو اچھی ہے۔ بسم اللہ پڑھیں نا جی۔

وزیر برائے قانون و پارلیمانی امور: بالکل جی تجویز اچھی ہے، We welcome، مفتی صاحب نے بڑی اچھی تجویز دی ہے تو Department concerned کو میں ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کو آج ہی انسٹرکشن دے دوں گا کہ انرجی سیور آج کے بعد وہ استعمال کریں۔ تھینک یو جی۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ جی۔

<u>Mr. Speaker:</u> Mr. Abdul Akbar Khan, MPA, and Malak Qasim Khan Khattak, MPA, to please move their identical Call Attention Notices Nos. 135 and 136, one by one. <u>Mr. Abdul Akbar Khan.</u>

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> شکریہ۔"جناب سپیکر، میں حکومت کی توجہ اس اہم مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں جو کہ پیرامیڈیکس کے سروس سٹرکچر پر عملدرآمد صحیح طریقے سے نہ ہونے سے پیدا ہوئی ہے۔ آج پیرامیڈیکس اکثر ہسپتالوں میں ہڑتال پر ہیں اور عوام اور مریضوں کو انتہائی پریشانی ہے"۔

پہ دے باندے زۂ خبرہ او کړم جی، کہ دے او وائی نو بیا بہ کوم؟

<u>جناب سپیکر:</u> ہاں ملک قاسم خان صاحب، تاسو خبرہ او کړئ جی، دا دغہ او وائی جی، ون بائی ون۔

<u>ملک قاسم خان خٹک:</u> شکریہ، جناب سپیکر۔"جناب سپیکر، پورے صوبہ سرحد میں پیرامیڈک سٹاف اپنے سروس سٹرکچر کے سلسلے میں ہڑتال پر ہے جس کی وجہ سے مریضوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے، لہذا ایوان کی کارروائی روک کر اس معاملے پر بحث کی اجازت دی جائے تاکہ مسئلے کا کوئی حل تجویز کیا جائے اور غریب عوام کی مشکلات ختم ہوں"۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی عبدالاکبر خان، پہ دے تاسو څہ وئیل جی؟

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> جناب سپیکر، دا زمونږ د صوبے یو ډیرہ Chronic مسئلہ جوړہ شوے دہ۔ آج اس صوبے میں تقریباً سارے ہسپتالوں میں پیرامیڈکس ہڑتال پر ہیں اور مریضوں کو انتہائی پریشانی کا سامنا ہے اور یہ کیوں ہڑتال پر ہیں؟ جناب سپیکر، یہ بات غور کرنے کی ہے کہ اگر ایک سرکاری ملازم کا سروس سٹرکچر ہی نہ ہو، اس کو اپنی زندگی کا اور اپنے مستقبل کا پتہ ہی نہ ہو کہ میرا مستقبل کیا ہوگا تو یقیناً جناب سپیکر، اس طرح ہڑتالیں ہونگی۔ مجھے یاد ہے جناب سپیکر، اس بات کو گزشتہ اسمبلی میں میں نے فلور پر اٹھایا تھا اور اس وقت حکومت نے اس کو کمیٹی کے حوالے کیا تھا اور جناب سپیکر، پھر گورنمنٹ نے ان کیلئے ایک سٹرکچر بنا دیا تھا، اگرچہ وہ پورا نہیں تھا لیکن پھر بھی 80 percent سٹرکچر بن گیا تھا لیکن جناب سپیکر، حکومت کے اندر ایک حکومت بنی ہوئی ہے آج، اب اگر Parent Department ایک کام کرتا ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> میاں صاحب، وزیر نشتہ د صحت او تۂ بہ جواب ورکوے۔

جناب عبدالاکبر خان: اچھا سر، میں بات کرتا ہوں کہ اگر ایک چیز اسمبلی Approve کرتی ہے پھر ڈیپارٹمنٹ کے پاس چلی جاتی ہے اور وہاں پر اسٹبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ جو Parent Department ہے اور فنانس ڈیپارٹمنٹ، تینوں ڈیپارٹمنٹس مل کے ایک چیز کو Approve کرتے ہیں، اگر نوٹیفائی کرتے ہیں اور اس کے Subsequently پھر فنانس ڈیپارٹمنٹ اس Approved چیز کو Withhold کرتا ہے اور اپنا نوٹیفیکیشن نکالتا ہے جو اس نوٹیفیکیشن کے بالکل متضاد ہوتا ہے جو کہ تین چار ڈیپارٹمنٹس نے مل کر بنایا ہے اور ہیلتھ کے سیکرٹری نے اس پر دستخط کیے تھے، جو نوٹیفیکیشن نکالا تھا سروس سٹرکچر کے متعلق، اس پر ہیلتھ سیکرٹری کے دستخط ہیں، اب جناب سپیکر، اگر ہم یہاں اسمبلی میں ایک چیز کو اٹھاتے ہیں، آیا اس-----

جناب سپیکر: تو یہ کہاں لٹکا ہوا ہے جی جو سروس سٹرکچر آپ بتارہے ہیں، فنانس میں؟

جناب عبدالاکبر خان: سر، فنانس نے اس کو چیلنج کیا ہے، Parent Department، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے جو سروس سٹرکچر کا نوٹیفیکیشن نکالا ہے، اگرچہ وہ بھی مکمل نہیں ہے لیکن 80 percent ان کے پرابلمز Solve کرتا ہے لیکن ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے خود ایک نوٹیفیکیشن نکالا ہے اور Subsequently، اس کے بعد فنانس ڈیپارٹمنٹ نے اس نوٹیفیکیشن میں Amendments کر دیں اور پھر ایک الگ اپنا نوٹیفیکیشن نکال دیا ہے۔ میں تو چاہتا ہوں جناب سپیکر، آپ لاء ریفارمز کمیٹی کے چیئرمین ہیں، Subordinately جو Legislation ہے، وہ ساری لاء ریفارمز کمیٹی کے ساتھ ہے، یہ بہت بڑا Serious matter ہے اور آپ یقین کریں کہ ہسپتال میں لوگوں کو کافی تکالیف ہیں، وہ لوگ انتہائی اقدام پر چلے گئے کیونکہ ان کا مسئلہ نہ اسمبلی کی طرف سے حل ہوا، نہ محکمہ کی طرف سے حل ہوا تو اسلئے جناب سپیکر، میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ اس کو آپ لاء ریفارمز کمیٹی میں Priority basis پر لے لیں۔ ان کو بھی بلائیں، فنانس ڈیپارٹمنٹ کو بھی بلائیں، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو بھی بلائیں اور مل کر ان کیلئے کوئی مسئلے کا حل نکال لیں اور میں ان بھائیوں سے بھی درخواست کرتا ہوں جو ہڑتال پر ہیں کہ ہم نے ان کی آواز اٹھا دی ہے، اب ان مریضوں کی خاطر، ان عوام کی خاطر وہ اپنی ہڑتال کو ختم کر دیں۔ تھینک یو جی۔

جناب سپیکر: شکریہ، جی۔

Syed Ahmad Hussain Shah (Minister for Industries): On behalf of Health Minister…..

جناب سپیکر: آپ جواب دے سکتے ہیں یا ان کی تجویز پہ جاتے ہیں؟

وزیر صنعت و حرفت: اس سلسلے میں میں مشکور ہوں، شکریہ ادا کرتا ہوں معزز اراکین کا کہ انتہائی اہم مسئلے کو اسمبلی میں اٹھایا گیا ہے اور اس وقت پورے صوبے میں پیرا میڈکس کی ہڑتال چل رہی ہے اور بنیادی مسئلہ ان کا سروس سٹرکچر کا ہی تھا جس کی وجہ سے سارا سلسلہ تھا۔ اس کی میں آپ کو تھوڑی سی ڈیٹیل، ہسٹری بتا دیتا ہوں کہ کس طرح یہ آگے بڑھا؟ اور میرے پاس اس کی پوری فائلنگ اور نوٹیفیکیشنز موجود ہیں، ان کے ذریعے میں آپ کو بتا دیتا ہوں کہ 2006 کی کیبنٹ میں سروس سٹرکچر کے اوپر بات ہوئی، اس سلسلے میں نوٹیفیکیشن بھی ہوا جو کہ بعد میں Implement نہ ہو سکا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی جو Devolved department ہے تو ان کی سینیارٹی ڈسٹرکٹ لیول پہ Decide کی جاتی ہے اور لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2001 کے تحت پراونشل گورنمنٹ کے پاس اس کے اختیارات نہیں رہے کہ وہ ان کی سینیارٹی Decide کر سکے کیونکہ وہ لوکل گورنمنٹ، ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے اختیارات میں چلا گیا بہر حال اس چیز کو اب دوبارہ ہماری گورنمنٹ نے اٹھایا اور ابھی پانچویں مہینے میں چیف منسٹر صاحب کے ساتھ پیرا میڈک سٹاف کی میٹنگز ہوئیں۔ ان میٹنگز کے اتباع میں چیف منسٹر صاحب کی ہدایات کے مطابق ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے اس کے اوپر Further meetings کیں تاکہ جتنا جلد ہو سکے، اس مسئلے کو حل کیا جا سکے۔ تو ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے، ہیلتھ منسٹر نے چیف منسٹر صاحب کو ریکوئسٹ کی، انہوں نے حل ان کو دیا کہ ان میٹنگز کو آگے لے کے جائیں اور اس میں جیسے لکھا ہوا ہے، وہ کہہ رہے ہیں کہ اسٹبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ بھی شامل تھا، فنانس ڈیپارٹمنٹ بھی شامل تھا، ہمارے چیف سیکرٹری صاحب بھی اس میں شامل تھے تو سب کی میٹنگ ہوئی اور اسی نوٹیفیکیشن جو 2006 کی کیبنٹ نے دیا تھا، کے اوپر بات ہوئی اور اس نوٹیفیکیشن کے اوپر اس کا حل یہ نکالا گیا کہ اس کو دوبارہ گورنر کے پاس بھیجا جائے۔ میں آپ کو یہ یہاں سے اس میں بتا دیتا ہوں کہ Back dating of Cabinet decision of 25-08-2006 to before 15-01-2002، یہ گورنر صاحب کو بھیجا گیا کہ اس کی Back dating ہو جائے، 2006 Cabinet decision کی Back dating ہو جائے اور ابھی اس میں آ جائے اس کی Back dating، لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2001 کی ڈیٹ سے پہلے کی ہو تاکہ ہم ڈسٹرکٹ گورنمنٹ سے علیحدہ ہو کر پراونشل لیول پر ان کی سینیارٹی ایڈجسٹ کر سکیں، تو وہ ہمارے چیف منسٹر صاحب نے ایڈوائس کیا گورنر کو اور گورنر صاحب نے اس مہینے کی تیرہ تاریخ کو Back dating

میں اس کی Approval دے دی اور سارے کا سارا پیرامیڈیکل سٹاف کا جو سٹرکچر تھا سینیارٹی کا، اس کو بحال کر دیا گیا ہے 13 تاریخ کو اور ابھی ہم اس کو Implement کر رہے ہیں اور یہ سروس سٹرکچر کا سارا مسئلہ ہماری گورنمنٹ نے حل کر دیا ہے اور اس کی ہماری میٹنگز جو ہیں، وہ پیرامیڈیکل سٹاف کے ساتھ بھی ہوئیں ہیں اور آج بھی پیرامیڈیکل سٹاف کے جو پریذیڈنٹ ہیں، ان کے ساتھ میٹنگ ہوئی ہے اور انہوں نے یہ وعدہ کیا ہے کہ پیرامیڈکس کی جو سٹرائک ہے، اس کو اس گورنمنٹ کے اچھے ایکشن کے اوپر ختم کر دیں گے۔ تو میں بہر حال جیسا عبدالاکبر خان صاحب نے فرمایا اور میں جناب سپیکر، کے ذریعے اور اس اسمبلی کے ذریعے اور پورے عوام کے ذریعے پیرامیڈیکل سٹاف کے سامنے یہ گزارش کروں گا کہ یہ انتہائی اہم معاملہ ہے اور جیسا کہ حکومت نے ان تمام مسائل کو حل کر دیا ہے، ان کے سٹرکچر پروموشن کا Implement کر دیا گیا ہے جو پہلے Withheld تھا، اس کا ہم نے اپنے طریقہ کار کے مطابق حل نکال دیا ہے تو پورے پیرامیڈکل سٹاف سے ہماری یہ گزارش ہے اسمبلی کی طرف سے کہ سٹرائک کو جلد از جلد ختم کیا جائے تاکہ پورے صوبے کے اندر جتنے مریضوں کے جو مسائل چل رہے ہیں، ان کو حل کیا جا سکے۔ مہربانی۔

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you, ji.

<u>جناب عبدلاکبر خان</u>: جناب سپیکر، میں اور میرے دوسرے ممبران، اسمبلی کی طرف سے پیرامیڈیکل سٹاف سے درخواست کرتے ہیں کہ جب حکومت نے ان کی بات مان لی ہے تو صوبے کے عوام کی خاطر وہ ہڑتال کو ختم کر دیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی ملک قاسم صاحب، آپ بھی شکریہ ادا کریں نا۔

<u>ملک قاسم خان خٹک</u>: جناب سپیکر صاحب، میں بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اور اپیل کرتا ہوں کہ یہ اپنی ہڑتال ختم کر دیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ، بہت بہت شکریہ۔ آج جمعہ کی نماز ڈیڑھ بجے اسمبلی کی مسجد میں ادا کی جائے گی، ڈیڑھ بجے۔۔۔۔۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر</u>: وہ آپ کو دے رہا ہوں، آپ کو دے رہا ہوں۔

بینک آف خیبر (ترمیمی) بل 2009 کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 8, the Honourable Minister for Industries on behalf of Honourable Finance Minister, NWFP, to please introduce the Bank of Khyber (Amendment) Bill, 2009. Minister Industries, please.

Syed Ahmad Hussain Shah (Minister for Industries): Mr. Speaker Sir, I, on behalf of the Finance Minister, beg to introduce the Bank of Khyber (Amendment) Bill, 2009.

Mr. Speaker: The Bill stands introduced.

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، جناب سپیکر، اس پہ بھی میں نے آپ کو ایک تحریک التواء پیش کی تھی لیکن وہ آپ نے نہیں آنے دی، میں اس کی بات نہیں کرتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی اس پہ بعد میں آئیں گے نا، آپ Amendments لے آئیں نا۔

مفتی کفایت اللہ: میں آپ کے رویئے کی شکایت کرتا ہوں، آپ مجھے اتنا ٹائم دیں گے؟ آپ مجھے اتنا ٹائم دیں گے کہ میں آپ کے رویئے کی شکایت کروں کہ یہ کیا ہے؟

جناب سپیکر: اس کے بعد۔

مفتی کفایت اللہ: اس کے بعد نہیں جی، میں نے اس کے بارے میں ایک تحریک التواء جمع کی تھی کہ حکومت والے اجتماعی گناہ کر رہے ہیں اور جمعے کے دن کر رہے ہیں جی۔ حکومت والے اجتماعی گناہ کر رہے ہیں، اللہ تعالیٰ کے عذاب کو دعوت دے رہے ہیں اور جمعے کے ٹائم کر رہے ہیں۔ میں نے آپ کو تحریک التواء دی تھی، آپ نے وہ التواء نہیں لائی۔ میرا خیال یہ تھا کہ اگر یہ حکومت والے اس کو ایوان میں لے آئیں گے پھر یہ اپنی انا کا مسئلہ بنائیں گے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دیکھیں، آپ پلیز بات سنیں۔

مفتی کفایت اللہ: یہ ٹیبل ہونے کے گناہ میں ہم شامل نہیں ہونا چاہتے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں آپ وقت سے پہلے بول رہے ہیں۔

مفتی کفایت اللہ: نہیں جی، پہلے بھی ہم بولنا چاہتے تھے، تحریک التواء آجاتی، ہم آپس میں بات کر لیتے اور اس طرح ایک مشاورت سے ہم آگے چلتے جی۔ ایک بہت بڑا گناہ ہو رہا ہے اور اس کے گناہ میں ہم شامل نہیں ہونا چاہتے، ہم واک آوٹ کرتے ہیں۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر، مولانا کو موقع دیں کہ ہم کو بریف کریں اور اگر بات صحیح ہے تو رولز کو روک دیا جائے، تو رولز جو ہیں، یہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ براہ راست لڑائی ہے، میں مولانا سے کہتا ہوں کہ آپ اس ہاؤس کو بریف کریں کہ حقیقت کیا ہے؟ جناب سپیکر، حقیقت کیا ہے، حقیقت کیا ہے؟ اس حقیقت سے آپ کو۔۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: دا خو، بشیر بلور صاحب کا مائیک ان کریں۔

سید محمد صابر شاہ: اگر یہ واقعی سودی نظام کو تقویت دینے کا باعث ہے۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): یہ ہے کہ اگر کوئی بات ان کیلئے تکلیف دہ ہے تو جب بحث کا مرحلہ آئے گا تو اس پر بحث کر لیں۔ ہم ان کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم ایسا کوئی کام بھی نہیں کر رہے کہ آپ یہ کہیں کہ ہم اس کو کوئی فنانس، خیبر بینک کے بارے میں ہم کہتے ہیں کہ جو آپکی اسلامی برانچز ہیں، وہ کرتی رہیں، جو اسلامی بینک ہے، اس میں کریں۔ یہ طریقہ نہیں ہے سپیکر صاحب، کہ خالی وہ مارکس بڑھانے کیلئے، جس وقت Amendments کی بات ہو گی، Amendments لائیں نا اس میں۔

جناب سپیکر: پیر صاحب، پیر صاحب ابھی۔۔۔۔۔

سید محمد صابر شاہ: ہم چاہتے ہیں کہ ملک میں سودی نظام کا خاتمہ ہو، یہ اتنا بڑا گناہ ہے۔ اگر اس میں کچھ ہے، اچھا صرف یہ بتائیں کہ اس میں سودی نظام کو تقویت نہیں ملے گی؟ صرف اتنا بتائیں کہ سودی نظام کو تقویت نہیں ملے گی۔

(قطع کلامیاں)

سید محمد صابر شاہ: نہیں، ہم نہیں رہتے، ہم نہیں رہتے، ہم اس میں شرکت کریں گے۔ صرف یہ کہہ دیں کہ اس میں سودی نظام کو تقویت نہیں دی گئی۔

(قطع کلامیاں)

سید محمد صابر شاہ: ہم یہاں نہیں بیٹھیں گے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): ہم تقویت نہیں پہنچا رہے ہیں سپیکر صاحب، پاکستان میں سارے بینکوں میں سود ہے، یہ خود اپنے پیسے سود پہ لیتے ہیں، سود پہ، پاکستان کی ساری۔۔۔۔۔

(شور)

سینیئر وزیر (بلدیات): پاکستان کی ساری بنیاد اس سود پہ بنی ہوئی ہے۔ کونسا اسلامی قانون یاد دلا رہے ہیں؟

جناب سپیکر: یہ تو ڈسکشن میں آپ کریں نہ پھر۔

سینیئر وزیر (بلدیات): یہ تو ڈسکشن کریں گے، اس کا جواب دیں گے ناپیر صاحب آپ کو۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ خیبر بینک میں دونوں کام چلیں۔ آپ کو غلط انہوں نے Amendment دی تھی۔

جناب سپیکر: ابھی تو خالی ٹیبل ہوا ہے۔ آپ نے پڑھا ہے، ابھی ٹیبل ہوا ہے؟

سید محمد سابر شاہ: ہم نے نہیں پڑھا۔ آپ یہ بتائیں کہ نہیں ہے اس میں سودی نظام کو تقویت، تو ہم بیٹھ جاتے ہیں ورنہ ہم بھی واک آوٹ کرتے ہیں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): ہم یہ کہتے ہیں کہ اس میں دونوں کام ہونگے۔ جس طریقے سے باقی بینک جا رہے ہیں، اس طریقے سے اس بینک کو بھی چلانا ہے۔ یہ پرائیویٹ بینک تو نہیں ہے، یہ گورنمنٹ کا بینک ہے، اس کو ہم Loss میں تو نہیں جانے دیتے۔ سپیکر صاحب، سٹیٹ بینک نے نئی برانچز کھولنے پر پابندی لگادی ہوئی ہے، جب تک ہم اس کو Revise نہیں کریں گے تو ہمیں اجازت نہیں دے گا بینک، آپ بیشک وہ دیکھ لیں۔

جناب سپیکر: بل کے Introduction stage پر یہ باتیں لوگ کرتے ہیں، یہ وقت سے پہلے جی۔

اسلامیہ کالج یونیورسٹی بل 2009 کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 9. The Hon'able Minister for Higher Education NWFP, to please introduce The Islamia College University Bill, 2009. Honourable Minister for Higher Education, please.

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: خاموش رہیں جی۔ منسٹر ہائیر ایجوکیشن، پلیز۔

Qazi Muhammad Asad Khan (Minister for Higher Education): Thank you. Mr. Speaker Sir, I beg to introduce the Islamia College University Peshawar Bill, 2009.

Mr. Speaker: The Bill stands introduced.

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی بالکل، آپ بسم اللہ کریں کہ آپ کیا کہنا چاہ رہے ہیں؟ وہ دوسرا ساتھی تو چلا گیا ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: خیر ہے جی، بس بات یہ ہے کہ اس میں بشیر خان کے بھی دستخط ہیں، اس پر منور خان کے بھی، اسرار اللہ گنڈاپور کے بھی، سب کے دستخط ہیں۔ جناب سپیکر، یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ مرکزی حکومت سے مطالبہ کرے کہ وہ ریڈیو پاکستان اوااے پی پی کے ملازمین جن کا تعلق صوبہ سرحد سے ہے اور جو یہاں پر ملازمت۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: Rule's suspension کیلئے تو پہلے۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، اگر ایجنڈا ختم ہے تو پھر رول 124، اگر آپ چاہتے ہیں تو پھر Move کر دیں گے

Sir, I beg to move that…..

جناب سپیکر: نہیں، As per rules چلیں گے۔

قاعدہ کا معطل کیا جانا

جناب عبدالاکبر خان: سر، رول 124 کو آپ Suspend کریں رول 240 کے تحت، ہاؤس سے پوچھیں۔

جناب سپیکر: یہ ممبران صاحبان زیادہ ہیں اس پہ۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں جی، یہ تو آغاز ہی ہے، انہوں نے دستخط کیے ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں، کتنے ممبرز ہیں؟

جناب عبدالاکبر خان: سر، اس پہ تو پانچ، چھ دستخط ہیں۔

جناب سپیکر: معزز ممبران صاحبان نے رول 124 کو رول 240 کے تحت Suspend کرنے کی التجا کی ہے تاکہ انہیں قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے تو آیا معزز ایوان اس کی اجازت دیتا ہے؟ جو اس کے حق میں ہیں، وہ 'ہاں' میں جواب دیں اور جو اس کے مخالف ہیں، وہ 'نا' میں جواب دیں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: جی ہاں، قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جاتی ہے۔ معزز ممبران صاحبان اپنی قرارداد ایک ایک کرکے پیش کریں۔

قرارداد

جناب عبدالاکبر خان: شکریہ۔"جناب سپیکر، یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ مرکزی حکومت سے مطالبہ کرے کہ چونکہ ریڈیو پاکستان اور اے۔پی۔پی کے ملازمین جن کا تعلق صوبہ سرحد سے ہے اور جو یہاں پر ملازمت کرتے ہیں، وزیراعظم کے اعلانات پر عملدرآمد نہ ہونے سے سراپا احتجاج ہیں، اسلئے وہ وزیراعظم کے اعلانات پر عمل کرے اور ان کے جو جائز مطالبات ہیں، ان پر غور کرے"۔

Mr Speaker: Honourable Minister Please move the resolution.

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): "یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ مرکزی حکومت سے مطالبہ کرے کہ چونکہ ریڈیو پاکستان اور اے۔پی۔پی کے ملازمین جن کا تعلق صوبہ سرحد پختونخوا سے ہے اور جو یہاں پر ملازمت کرتے ہیں، وزیراعظم کے اعلانات پر عملدرآمد نہ ہونے سے سراپا احتجاج ہیں، اسلئے وہ وزیراعظم کے اعلانات پر عمل کرے اور ان کے جو جائز مطالبات ہیں، ان پر غور کرے"۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: میں بھی پڑھنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: آپ بھی پڑھیں، آپ بھی پڑھیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: شکریہ، سر۔"یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ مرکزی حکومت سے مطالبہ کرے کہ چونکہ ریڈیو پاکستان اور اے۔پی۔پی کے ملازمین جن کا تعلق صوبہ سرحد سے ہے اور جو یہاں پر ملازمت کرتے ہیں، وزیراعظم کے اعلانات پر عمل درآمد نہ ہونے سے سراپا احتجاج ہیں، اسلئے وہ وزیراعظم کے اعلانات پر عمل کرے اور ان کے جو جائز مطالبات ہیں، ان پر غور کرے"۔

جناب سپیکر: بس، اور کوئی نہیں پڑھنا چاہتا؟ منور خان، آپ تو چلے گئے تھے۔ یہ تو آپکے Mover تھے۔

The motion before the House is that the resolution moved by the Honourable Members, Ministers may be adopted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The resolution is adopted unanimously.

جناب سپیکر: ایک آئٹم جنرل ڈسکشن جو ہے On the ‘Report of Observance and Implementation of the Principles of Policy 2007 regarding NWFP

'Departments، میرے خیال میں یہ آج کیلئے Next نہیں ہوسکتا تو اسلئے The sitting is adjourned till 2.p.m, Monday, 19th January, 2009.

(اسمبلی کا اجلاس مورخہ 19 جنوری 2009 بروز پیر دو بجے سہ پہر تک کیلئے ملتوی ہوگیا)